© rasailojaraid.com



ادارہ

# مُسافرینِ آخرت

مجلس احرارِ اسلام صادق آباد کے معاون ریاض حسین ہاشمی صاحب کی والدہ ماجدہ اور مولانا محمد عبدالغنی مرحوم کی بیوہ ۲۴ر نومبر کو ۱۱۶ اسولہ سال کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ مرحومہ نہایت صالحہ خاتون تھیں اور حضرت امیرِ شریعتؒ سے بیعت تھیں اللہ تعالےٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ ہم بھائی ریاض حسین صاحب اور دیگر لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

مجلس احرارِ اسلام سیالکوٹ کے مخلص کارکن بھائی محمد ارشد صاحب کے کمسن بیٹے عمر فاروق مختصر علالت کے بعد ۱۶ر نومبر کو انتقال کر گئے۔ ان کی عمر تقریباً پانچ ماہ تھی۔ اللہ تعالیٰ بھائی محمد ارشد صاحب کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور معصوم بیٹے کی جدائی کو ان کے لئے ذریعہ آخرت بنائے (آمین) ادارہ نقیبِ ختمِ نبوت ان کے غم میں شریک ہے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لئے دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔

دیگر انتقال کر جانے والے تمام مسلمانوں کے لئے بھی مغفرت کی دعا فرمائیں۔

مجلس احرارِ اسلام بستی بدلی شریف (رحیم یار خان) کے صدر جناب حاجی اللہ رکھا صاحب گذشتہ دنوں عقبیٰ سدھار گئے وہ احرار میں شامل ہوئے تو پھر اسی کے ہو کر رہ گئے! اور وفا کی مثال ایسی قائم کی تا دمِ واپسیں احرار سے ہی وابستہ رہے ان کی رحلت سے احرار حلقوں کے دِل ملول و مغموم ہیں۔ جماعت کے لئے ان کا خلوص ایثار اور جدوجہد ناقابلِ فراموش ہے۔ اللہ جل شانہٗ دین کے لئے ان کی محنت قبول فرمائے، سیئات معاف فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین) ادارہ پس ماندگان کے شریکِ غم ہے۔

بدر منیر احرار خان پور میں جماعت کے روح رواں ہیں پچھلے دنوں ان کی معصوم بیٹی تین ماہ کی عمر میں وفات پاگئی۔ یقیناً ان کے لئے یہ غم ناک حادثہ ہے۔ جہاں اُن کا دِل غم سے چُور ہے وہاں احرار کارکن بھی ملول ہیں، اللہ تعالےٰ انہیں صبر          اور نعم البدل عطا فرمائے۔ (آمین)

---

مَنْ سَبَّ الْاَنْبِیَاءَ قُتِلَ وَمَنْ سَبَّ اَصْحَابِیْ جُلِدَ (الحدیث)

جو شخص انبیاء کو گالی بکے اسے قتل کر دیا جائے اور جو میرے صحابہؓ کو گالی بکے اس کی دُرّوں سے پٹائی کی جائے

© rasailojaraid.com